Write your name here

| Surname | Other names |
|---|---|
| | |

**Pearson**
**Edexcel GCSE**

Centre Number | Candidate Number

# Urdu

## Unit 3H: Reading and Understanding in Urdu

**Higher Tier**

Wednesday 10 June 2015 – Afternoon
**Time: 50 minutes**

Paper Reference
**5UR03/3H**

**You do not need any other materials.**

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The total mark for this paper is 40.
- The marks for **each** question are shown in brackets – *use this as a guide as to how much time to spend on each question.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

***Turn over*** ▶


©2015 Pearson Education Ltd.
1/1/1/1/1/

P 4 4 8 2 0 A 0 1 1 6

PEARSON

**Answer ALL questions.**

**Some questions must be answered with a cross in a box ☒. If you change your mind about an answer, put a line through the box ☒ and then mark your new answer with a cross ☒.**

## Music

**1** Imran is writing about music and the internet.

آج کل نوجوان لوگ نئے طریقے سے موسیقی سُنتے ہیں۔ وہ سی ڈی یا کیسٹ نہیں خریدتے بلکہ
انٹرنیٹ سے اپنی پسند کے گانے ڈاؤن لوڈ کر کے اپنے موبائل فون پر سُنتے ہیں۔ وہ یہ گانے خریدتے
نہیں بلکہ پیسے دیے بغیر کمپیوٹر کے ذریعے اپنے دوستوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ ان کے والدین سمجھتے
ہیں کہ ایسا کرنا نہ صرف بُری بات ہے بلکہ غیر قانونی بھی ہے۔ دوسری طرف نوجوانوں کی رائے ہے
کہ اگر انٹرنیٹ ہمیں یہ کام کرنے دیتا ہے تو ایسا کرنے میں کوئی ہرج نہیں۔

Put a cross ☒ in the correct box.

**Example:** Nowadays young people……

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | listen to music in a new way. |
| ☐ | **B** | listen to old songs. |
| ☐ | **C** | listen to new songs. |

(i) They use their mobile phones to ……

| | | |
|---|---|---|
| ☐ | **A** | listen to music. |
| ☐ | **B** | make music. |
| ☐ | **C** | sell music. |

(ii) They use new technology to…

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | play songs to friends. |
| ☒ | **B** | sell songs to friends. |
| ☒ | **C** | share songs with friends. |

(iii) Parents think that this is…

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | illegal. |
| ☒ | **B** | stupid. |
| ☒ | **C** | good. |

(iv) Young people think that it is…

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | a way to make money. |
| ☒ | **B** | good fun. |
| ☒ | **C** | harmless. |

**(Total for Question 1 = 4 marks)**

## Half Term

**2** Your friends are discussing what they are going to do during Half Term.

**A** میں پورے ہفتے گھر کے باغیچے میں اپنے والدین کی مدد کروں گا۔

**B** میں اپنے والدین کے ساتھ اپنے تایا زاد بھائی کی شادی میں بریڈفورڈ جاؤں گی۔

**C** جی تو نہیں چاہتا لیکن مجھے اپنے جی سی ایس ای کے امتحان کی تیاری کرنی ہوگی۔

**D** میرے نانا نانی بریڈفورڈ سے لوٹن آرہے ہیں اس لیے مجھے گھر پر ہی رہنا پڑے گا۔

**E** میں اپنی مقامی کرکٹ ٹیم کی طرف سے خاص مقابلے میں شرکت کروں گا۔

**F** میں نے ابھی نیا کمپیوٹر خریدا ہے، میں اس پر کھیلوں گی۔

What are they going to do?

Write the correct letter in the box.

| | |
|---|---|
| **Example:** I'll be working in the garden. | *A* |
| (i) I'm going to Bradford. | |
| (ii) I have to stay at home. | |
| (iii) I'm going to play on my computer. | |
| (iv) I'm going to play cricket. | |

**(Total for Question 2 = 4 marks)**



P 4 4 8 2 0 A 0 4 1 6

## Local amenities

**3** Samina is writing about her local area.

پچھلے مہینے ہم اپنے نئے مکان میں منتقل ہو گئے۔ یہاں ہماری نئی زندگی شروع ہوئی ہے۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ پاس ہی ایک بہت بڑا پارک ہے جہاں ہر قسم کی سہولتیں ہیں مثلاً چھوٹے بچوں کے کھیلنے کی جگہ، کیفے اور ٹینس کورٹ۔ میرا نیا اسکول کافی دور ہے لیکن بس اسٹاپ صرف پانچ منٹ کی دوری پر ہے۔ امی جان بس سے اپنے دفتر آسانی سے آجا سکتی ہیں۔ ابا جان کاروبار گھر سے چلاتے ہیں اور وہ باغیچے میں اپنا نیا دفتر بنوا رہے ہیں۔ دکانیں بھی کافی قریب ہیں اور وہاں ڈاک خانہ، لائبریری اور جم بھی موجود ہے۔ صرف ایک مشکل یہ ہے کہ ہمارے گھر کے قریب حلال گوشت کی کوئی دکان نہیں ہے اس لیے ہمیں گوشت خریدنے کے لیے کافی دور جانا پڑتا ہے۔

Which statements are correct?

Put a cross ☒ in the **four** correct boxes.

| | |
|---|---|
| **Example:** Samina has just moved to a new house. | ☒ |
| **A** The house is near the park. | ☒ |
| **B** The gym is in the park. | ☒ |
| **C** There is a playground in the park. | ☒ |
| **D** Samina's father works from home. | ☒ |
| **E** Samina's mother works in a school. | ☒ |
| **F** Samina and her father can take the same bus. | ☒ |
| **G** Most of the shops they need are close to the house. | ☒ |
| **H** The halal butcher is very expensive. | ☒ |

**(Total for Question 3 = 4 marks)**

**Work Experience**

**4** Your friend Khalid sends you an email from work.

پیارے دوست

السلام علیکم۔ مجھے اپنے چچا کے دفتر میں کام کرتے دو ہفتے ہو چکے ہیں اور میں حسب وعدہ تمہیں اس کے بارے میں بتا رہا ہوں۔شروع شروع میں مجھے یہ کام بالکل اچھا نہیں لگا کیونکہ چچا نے حال ہی میں نیا دفتر خریدا تھا اور اس کی مرمت کا کام ہو رہا تھا۔شور کی وجہ سے کام پر توجہ دینا بہت مشکل تھا۔اب میں عادی ہو گیا ہوں اور کام بہت دلچسپ لگنے لگا ہے۔ہم لوگ دفتروں اور دکانوں کے لیے ملازموں کا انتظام کرتے ہیں اس لیے کاغذوں کا استعمال بہت ہوتا ہے۔ چچا کمپیوٹر تو استعمال کر لیتے ہیں لیکن اس کی فائلیں بالکل عجیب طریقے سے رکھتے ہیں۔ کیونکہ مجھے اچھی طرح کمپیوٹر استعمال کرنا آتا ہے اس لیے میں نے چچا جان کو بتایا کہ میں ساری فائلیں اور کاغذات ترتیب سے رکھوں گا۔سب سے اچھی بات یہ ہے کہ اگر میں نے یہ کام وقت پر مکمل کر لیا تو وہ مجھے نیا آئی پیڈ دیں گے۔دفتر میں پانچ لوگ کام کرتے ہیں اور دوپہر کے وقت عام طور پر وہ مقامی کیفے سے کھانا منگواتے ہیں۔ بدقسمتی سے اس کیفے کا کھانا اچھا نہیں ہے اس لیے میں گھر سے امی جان کا بنایا ہوا کھانا لے آتا ہوں۔ جب لوگوں نے دیکھا کہ میں اپنا کھانا کھاتا ہوں تو انہوں نے مجھ سے مصالحے دار کھانوں کے بارے میں بہت سے سوالات کیے۔ کیونکہ کل میرے کام کا آخری دن ہوگا میں امی جان سے چند مزے دار کھانے پکوا کر دفتر والوں کو کھلاؤں گا۔

Answer the following questions **in English**.

(a) Where is Khalid working?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(b) Why didn't he like it there at first?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(c) How does he feel now? Give **two** details.

**(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(d) (i) What does he offer to do for his uncle?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(ii) Why does he do this?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(e) (i) What does he want to do for the other workers?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(ii) Why?

**(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 4 = 8 marks)**

## Personal information

**5** Some friends are describing themselves.

| | |
|---|---|
| **A** | مجھے دوسرے لوگوں کی مدد کر کے ہمیشہ بہت خوشی ہوتی ہے۔ |
| **B** | مجھے اونچے پہاڑوں پر چڑھنے اور اُترنے جیسے خطرناک کام بہت پسند ہیں۔ |
| **C** | میں ہمیشہ دوستوں اور رشتہ داروں کے لیے بہت قیمتی تحفے خریدتا ہوں۔ |
| **D** | مجھے نئے لوگوں سے ملنے اور بات چیت کرنے میں بہت پریشانی ہوتی ہے۔ |
| **E** | میں اسکول کے علاوہ شام کی کلاسیں بھی پڑھنے جاتا ہوں۔ |
| **F** | میں باقاعدگی سے مسجد جاتا ہوں اور نماز کے علاوہ قرآن بھی پڑھتا ہوں۔ |

What kind of people are they?

Put a cross ☒ in the correct box.

| | A | B | C | D | E | F |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **Example:** Adventurous | ☐ | ☒ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (i) Shy | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (ii) Helpful | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iii) Religious | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iv) Generous | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

**(Total for Question 5 = 4 marks)**

## Family and Friends

**6** Some friends have written about their visit to a restaurant.

عادل : میں تم لوگوں کی وجہ سے چلا گیا تھا ورنہ مجھے تو صرف گھر کا کھانا اچھا لگتا ہے۔

احمد : مجھے کھانے کا بہت مزہ آیا۔ میں اگلے ہفتے اپنی سال گرہ پر تم لوگوں کی اسی ریسٹورینٹ میں دعوت کروں گا۔ کیا خیال ہے ابھی میز بُک کرا دوں؟

اقبال : کھانا تو خیر ٹھیک تھا لیکن بِل دیکھ کر میرے ہوش اُڑ گئے۔ میں کھانے پر اتنے پیسے خرچ نہیں کر سکتا۔ میں آئندہ یہاں نہیں آؤں گا۔

راحیل : میں نے قورمے کے ساتھ مرغ پلاؤ منگوایا تھا لیکن اس نے سادہ چاول لا کر رکھ دیے۔ مجھے یہ بات بالکل پسند نہیں آئی۔

دانیال : مجھے کھانے سے زیادہ یہاں کا ماحول اچھا لگا اور ان لوگوں کی خدمت کا تو جواب ہی نہیں۔ میں ان کو ٹِپ ضرور دوں گا۔

Who wrote what?

Put a cross ☒ under the correct name.

| | Adil | Ahmed | Iqbal | Raheel | Danyal |
|---|---|---|---|---|---|
| **Example:** prefers home cooking | ☒ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (i) didn't get what they ordered | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (ii) thought it was too expensive | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iii) thought the service was good | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iv) would like to go back | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

**(Total for Question 6 = 4 marks)**

## Education

**7** You read this advertisement for a Summer School in your area.

پاکستان کمیونٹی سینٹر

ہم گرمیوں کی چھٹیوں میں اردو بولنے والے ایسے نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کے لیے کلاسیں شروع کر رہے ہیں جن کی عمر پندرہ سے سترہ سال کے درمیان ہو اور انہیں پڑھائی میں مدد کی ضرورت ہو۔ یہ کلاسیں اور دوپہر کا کھانا بالکل مفت ہوگا۔

نوجوانوں کو یہ مواقع حاصل ہوں گے :

*سائنس، ریاضی اور اردو کی تعلیم

* کمپیوٹر کی تربیت

*انگریزی لکھنے کی مشق

*صحت اور غذا کے بارے میں مشورے

*ورزش کی سہولتیں

* تفریحی سرگرمیاں

یہ کلاسیں اگست کے مہینے میں ہر روز صبح دس بجے سے دوپہر ایک بجے تک ہوں گی۔ خواہش مند نوجوان ہماری ویب سائٹ سے درخواست کا فارم ڈاؤن لوڈ کر کے مکمل کریں۔ ہمیں درخواستیں **15** جولائی تک ای میل کے ذریعے مل جانی چاہئیں۔

Which statements are correct?

Read the text and put a cross ☒ in the **four** correct boxes.

| | |
|---|---|
| **Example:** The classes are for 15 to 17 year olds. | ☒ |
| **A** You should apply by email. | ☐ |
| **B** There will be advice on health. | ☐ |
| **C** You need to pay for lunch. | ☐ |
| **D** You can improve your spoken English. | ☐ |
| **E** There will be computer training. | ☐ |
| **F** The classes will start in July. | ☐ |
| **G** You must send off for the application form. | ☐ |
| **H** There will be science classes. | ☐ |

**(Total for Question 7 = 4 marks)**

## Cricket

**8** You read this sports report.

پچھلے سال متحدہ امارات میں شامل دوبئی، شارجہ اورابوظہبی میں پاکستان اورسری لنکا کے درمیان کرکٹ کے زبردست مقابلے ہوئے۔ ٹی**20** سیریز برابر رہی جبکہ ون ڈے سیریز پاکستان نے جیت لی۔ ٹیسٹ سیریز کے دو میچوں کے بعدسری لنکا صفر کے مقابلے میں ایک سے جیت رہا تھا۔ شارجہ میں کھیلے جانے والے آخری ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن کے کھیل کے بعد سری لنکا کی جیت یقینی نظر آ رہی تھی۔ آخری دن پاکستان نے سری لنکا کے باقی پانچ کھلاڑیوں کو پہلے سیشن میں آؤٹ کر لیا لیکن اب اس کے سامنے انسٹھ اووروں میں تین سو دو رنز بنانے کا مشکل ہدف تھا۔ بہت کم سکور پر تین کھلاڑی آؤٹ ہونے کے بعد تو یہ کام ناممکن نظر آنے لگا۔ اس موقع پر سرفراز کے **46** گیندوں پر **48** رنز نے کھیل کا رُخ بدل دیا۔ اس کے بعد اظہر کے **103** رنز اور کپتان مصباح کے آؤٹ ہوئے بغیر **68** رنز کی وجہ سے پاکستان نے یہ میچ پانچ وکٹوں سے جیت لیا۔ شاید اسی لیے کہا جاتا ہے کہ پاکستانی ٹیم ان ہونی کو ہونی کر دیتی ہے اور تماشائی حیرت میں ڈوب جاتے ہیں۔

Put a cross ☒ in the correct box.

مثال: یہ مقابلے کہاں ہوئے؟

| | |
|---|---|
| **A** پاکستان میں | ☐ |
| **B** سری لنکا | ☐ |
| **C** امارات | ☒ |

(i) پاکستان نے کون سی سیریز جیتی؟

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | A | ٹی20 |
| ☒ | B | ون ڈے |
| ☒ | C | ٹیسٹ |

(ii) دو ٹیسٹ میچوں کے بعد کیا ہوا؟

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | A | سری لنکا ہار رہا تھا |
| ☒ | B | مقابلہ برابر تھا |
| ☒ | C | پاکستان ہار رہا تھا |

(iii) آخری ٹیسٹ کے چوتھے دن کے بعد کیا امکان تھا؟

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | A | پاکستان کے جیتنے کا |
| ☒ | B | سری لنکا کے جیتنے کا |
| ☒ | C | نتیجہ نہ نکلنے کا |

(iv) آخری دن کے پہلے سیشن میں کیا ہوا؟

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | A | پاکستان کے پانچ کھلاڑی آؤٹ ہوئے |
| ☒ | B | سری لنکا کے پانچ کھلاڑی آؤٹ ہوئے |
| ☒ | C | پاکستان پانچ وکٹوں سے جیت گیا |

(v) پاکستان نے میچ جیتنے کے لیے کیا کرنا تھا؟

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** 300 رنز بنانے تھے |
| ☒ | **B** 301 رنز بنانے تھے |
| ☒ | **C** 302 رنز بنانے تھے |

(vi) پاکستان کی دوسری انگ کے شروع میں کیا ہوا؟

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** بارش ہوئی |
| ☒ | **B** کئی وکٹیں گر گئیں |
| ☒ | **C** بہت کم رنز بنے |

(vii) سرفراز کی وجہ سے کیا ہوا؟

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** پاکستان کے جیتنے کی امید ہو گئی |
| ☒ | **B** سری لنکا کے جیتنے کی امید ہو گئی |
| ☒ | **C** نتیجہ نہ نکلنے کی امید ہو گئی |

(viii) پاکستانی ٹیم کس چیز کی ماہر ہے؟

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** حیران کرنے کی |
| ☒ | **B** پریشان کرنے کی |
| ☒ | **C** مایوس کرنے کی |

**(Total for Question 8 = 8 marks)**

**TOTAL FOR PAPER = 40 MARKS**

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**